**23/01/2025**

**07.40 PM**

**Signature Tune**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ سنجو کمار سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیاں۔

ہیڈ لائنز

☆............راجوری کے بڈہال گاؤں میں مزید چار افراد پُر اسرار بیماری کا شکار// معاملے کی وسیع پیمانے پر تحقیقات جاری// وزیر صحت نے کی زیر علاج بیماروں کی عیادت۔

☆............نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری نے جموں میں سمارٹ سٹی پروجیکٹ کے کاموں کی پیش رفت کا لیا جائزہ۔

☆............ ملک کو نشے کی لعنت سے پاک بنانے کیلئے کوششیں جاری// گاندربل پولیس نے 16 لاکھ روپے مالیت کی نشیلی ادویات کو کیا ضائع۔

اور

☆............لداخ میں کھیلو انڈیا وینٹر گیمز شروع۔

راجوری

راجوری کے بڈھال گاؤں میں مزید چار افراد پُر اسرار بیماری کا شکار ہوئے ہیں جنہیں علاج کیلئے اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔اس دوران وزیرِ صحت سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ ابتدائی طور متاثرہ افراد کا چیک اپ کرایا گیا تاہم اُن میں کسی بھی انفیکشن کے آثار نہیں پائے گئے۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ ابھی تک علاقے کے تین ہی کنبے، جو کہ آپس میں قریبی رشتہ دار ہیں، اس کا شکار ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسکے علاوہ گاؤں کے ساڑھے تین ہزار افراد کی طبی جانچ کی گئی اور سبھی کے ٹیسٹ نارمل پائے گئے۔ سکینہ ایتو نے کہا کہ پُر اسرار اموات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس معاملے کی وسیع پیمانے پر تحقیقات شروع کی گئی ہے۔اس دوران وزیر موصوفہ نے آج گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں اور ایس ایم جی ایس اسپتال کا دورہ کر کے وہاں داخل بڈھال کے مریضوں کی عیادت کی۔ MLA بانہال سجاد شاہین اور محکمہ صحت کے دیگر افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس گاؤں میں ابھی تک 17 افراد کی پُر اسرار طور موت واقع ہوئی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج ریذیڈنسی روڈ جموں پر جاری سمارٹ سٹی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے ان کاموں کے معیار کو برقرار رکھنے اور ان کو وقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ نائب وزیر اعلیٰ نے جموں شہر کے لوگوں کی بلدیاتی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے بھی ضروری اقدامات کرنے پر زور دیا۔

پریڈ

اس برس نئی دلی میں منعقد ہونے والی یوم جمہوریہ کی پریڈ کا مشاہدہ کرنے کیلئے ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے دس ہزار ایسے خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے، جنہوں نے سماج اور قوم کے تئیں اپنی بے لوث خدمات انجام دی ہیں۔
ان میں کشمیر سے تعلق رکھنے والے چالیس افراد بھی شامل ہیں۔ان افراد میں سے کچھ ایک نے آکاشوانی شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالات کا کچھ اس طرح اظہار کیا۔

............Bytes............

نشہ مکت

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی واجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیراعظم نریندر مودی کا پیغام۔

..................Byte......(PM)..................

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہر سطح پر کاوشیں جاری ہیں۔اس حوالے سے جموں میں مقیم ایک معروف کشمیری محققTito Ganjoo نے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا۔

............Byte......(Tito Ganjoo)......

نشیلی ادویات

عدالت سے منظوری ملنے کے بعد گاندربل پولیس نے 14 مختلف معاملات میں ضبط کی گئی16لاکھ روپے مالیت کی نشیلی ادویات کی ایک بڑی مقدار کو ضائع کیا ہے۔

گاندربل سے ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ یہ کاروائی ضلعے کے ایس ایس پی راگھوایس کی ہدایت پر انڈسٹریل سینٹر لاسی پورہ میں انجام دی گئی۔

انکم ٹیکس

انکم ٹیکس محکمے کی جانب سے آج جموں میں ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا،جس دوران شرکاء کو ملازمین کی جانب سے دائر کئے جانے والے انکم ٹیکس ریٹرن کے غلط اور دھوکہ دہی پر مبنی دعوؤں کے قانونی پہلوؤں کے بارے میں بتایا گیا۔

اس بارے میں انکم ٹیکس محکمے کے پرنسپل کمشنر جموں وکشمیر ولداخ وِکرم سہائے نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

------Byte--(Vikram Sahay)----

اس موقعے پر جموں وکشمیر کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری اور فائنانشل کمشنر شانت منو نے کہا کہ ملازمین کو انکم ٹیکس قوانین سے متعلق جانکاری فراہم کرنا لازمی ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکیشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

مجسمہ سازی

امریکہ کے شہر Breckenridge میں برف سے مجسمے بنانے کے مقابلے جاری ہیں جن میں ظہورالدین لون اور سہیل محمد خان نامی دو کشمیری نوجوانوں پر مشتمل ایک ٹیم شرکت کرکے بھارت کی نمائندگی کررہے ہیں۔ مذکورہ ٹیم نے رواں مہینے کی 18 تاریخ کو Minnesota میں منعقدہ ایسے ہی ایک مقابلے میں شرکت کی تھی۔ ظہورالدین لون نے امریکہ سے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

..................Byte........................

واضح رہے کہ ظہورالدین لون کا دوسرا ساتھی سہیل محمد خان قوت سماعت اور قوت گویائی سے محروم ہے۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی جماعت بلا لحاظ مذہب وملت معاشرے کے تمام افراد کی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہے۔ جموں میں پارٹی کارکنوں کے ایک روزہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس ایک ایسی جماعت ہے جس نے درجہ فہرست ذاتوں اور قبائیل کی خوشحالی اور انہیں یکسان موقعے فراہم کرنے کیلئے کام کیا ہے۔

سنیل شرما

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کے دوران ملک محفوظ ہاتھوں میں ہے اور اس کو کسی بھی طرح کے داخلی یا بیرونی خطرے کا سامنا نہیں ہے۔ نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے سنیل شرما نے کہا کہ ڈاکٹر عبداللہ اپنی عادت سے مجبور ملک کے الگ الگ خطوں میں الگ الگ بیانات دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے لوگ سبز باغ دکھانے والے سیاسی لیڈروں کے ارادوں کو پہچانتے ہیں۔

ٹی بی

ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی سو دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شد و مد سے جاری ہے اور طبی ماہرین نے اس بیماری میں مبتلا مریضوں سے کہا ہے کہ وہ آگے آ کر اپنا علاج کرائیں۔

صحت یاب ہوئے ایک مریض کے تاثرات۔

..................Byte......(Patient)..................

MLA انت ناگ

انت ناگ ایسٹ کے ممبر اسمبلی ریاض احمد خان نے آج بٹہ پورہ اقبال آباد ریسونگ سٹیشن کے 11 کے وی فیڈر کا افتتاح کیا۔ اس فیڈر کو شروع کئے جانے سے انت ناگ ایسٹ کی کئی بستیوں کی دیرینہ مانگ پوری ہوئی ہے۔ اس موقعے پر کشمیر پاور ڈسٹر یبوشن کارپوریشن لمیٹیڈ کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

مہا کنبھ

اُتر پردیش کے پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ جاری ہے اور آج بھی لاکھوں کی تعداد میں شردھالوں نے وہاں امرت سنان میں حصہ لیا۔ اس دوران ماؤنی اماوسیہ کیلئے شردھالوں کا رش مدنظر رکھتے ہوئے پریاگ راج ریلوے ڈویژن نے 150 خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ مہا کنبھ 26 فروری تک جاری رہے گا۔

............Music............

DC سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آج مختلف محکموں کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کر کے شب معراج کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے مابین تال میل کی ضرورت پر زور دیا اور اہم مساجد، خانقاہوں اور بقہ جات کیلئے ٹرانسپورٹ کی معقول سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایات دیں۔

وینٹر گیمز

لداخ میں آج سے کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز کا آغاز ہوا۔ لیہہ سے ہمارے نمائندے خورشید یوسف نے خبر دی ہے کہ پانچ روز تک جاری رہنے والی وِنٹر گیمز کے اس ایڈیشن میں 19 ریاستوں سے تعلق رکھنے والے 4 سو سے زیادہ کھلاڑی حصہ لے رہیں۔

..................Report..................

کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز کا دوسرا ایڈیشن 22 سے 25 فروری تک گلمرگ میں منعقد ہوگا۔

ڈپٹی کمشنراں

☆ ...... ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے آج ضلع صدر مقام پر ریونیو کورٹ روم کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ اس شعبے میں اپنی نوعیت کی پہلی عمارت ہوگی۔

☆ ...... ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے آج ایک میٹنگ کے دوران ضلعے کے رواں مالی سال کے کیپکس بجٹ کے تحت حصولیابیوں کا جائزہ لیا۔

☆ ...... شوپیان کے ضلع ترقیاتی کمشنر محمد شاہد سلیم ڈار نے آج محکمہ زراعت کے افسروں کی ایک میٹنگ میں HADP، دکش کسان پورٹل اور کسان خدمت گھروں کی سرگرمیوں اور صورتحال کا جائزہ لیا۔

☆ ...... ڈی سی کپوارہ آیوشی سودھن نے آج افسران کی ایک میٹنگ میں ضلعے میں جل جیون مشن کی عمل آوری اور حصولیابیوں کا جائزہ لیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 7 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 22 اعشاریہ 2 جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 34 منٹ پر اور
غروب آفتاب شام 5 بجکر 53 منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجئے اجازت // خدا حافظ۔